**22.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........شبانہ بیگم

**Music**

---

☆ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت کو شمولیاتی ترقی پر مرکوز توجہ کیلئے ایک قابل بھروسہ ویلیو چین شراکت دار کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔

☆ جھارکھنڈ میں 15ماؤنواز ہلاک ہوگئے ہیں، جن میں ایک سرغنہ بھی شامل ہے، جس پر ایک کروڑ روپے کا انعام تھا۔

☆ جموں وکشمیر میں ایک گاڑی کے کھائی میں گرنے سے فوج کے 10سپاہی ہلاک اور دیگر 11زخمی ہوگئے۔

☆ حکومت نے، گرین ہاؤس گیس کے اخراج کو کم کرنے کی غرض سے چار مزید کاربن انٹینسیو شعبوں کو کاربن کریڈٹ ٹریڈنگ اسکیم کے تحت لے لیا ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے لچکدار سپلائی چین کے ذریعے عالمی معیشت کو خطرے سے باہر نکالنے کیلئے مضبوط تر بھارت–یوروپی یونین تعلقات پر زور دیا ہے۔

☆ امریکی صدرڈونلڈٹرمپ نےبین الاقوامی تصادم کاحل کرنےکیلئے بورڈ آف پیس نامی ایک چارٹر کااجرا کیا ہے۔

☆ اور ریان کوگلر کی ویمپائر رزمیہ”Sinners“ نے 98ویں اکادمی ایوارڈ میں سولہ نامزدگیوں کے ساتھ ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Vaishnaw Davos**

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ بھارت کو ایک معتبر اقداری سلسلے کے شراکت دار اور ایک ایسے ملک کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جس کی توجہ شمولیت پر مبنی ترقی پر مرکوز ہے۔

سوئٹزر لینڈ ڈاووس میں عالمی اقتصادی فورم سے علیحدہ پرائیویٹ میڈیا چینل کے ساتھ ایک انٹرویو میں جناب ویشنو نے کہاکہ بھارت آرٹیفیشیل انٹلیجنس کے پانچوں مرحلوں پر کام کررہا ہے، جس میں AI ساخت اپلی کیشن، ماڈل، Chip، بنیادی ڈھانچہ اور توانائی شامل ہیں۔ بھارت کے سیمی کنڈکٹر کے ایکو نظام کے بارے میں جناب ویشنو نے کہاکہ حکومت کے ذریعے منظور شدہ سیمی کنڈکٹر اور Chip بنانے والے دس پلانٹوں میں سے چار نے حالیہ مہینوں

میں کام کرنا شروع کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فروری کے آخری ہفتے میں ان میں سے ایک پلانٹ میں کمرشیل پروڈکشن بھی شروع ہوجائے گی۔×

## PM Kerala

وزیر اعظم نریندر مودی کل کیرالہ کا دورہ کریں گے۔ وہ تیرونتھا پورم میں ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، سنگ بنیاد رکھیں اور آغاز کریں گے۔ وہ وہاں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے۔ اِن پروجیکٹوں میں ریلوے، شہری ذریعۂ معاش، سائنس، صحت دیکھ بھال اور شہریوں کی خدمات شامل ہیں۔ وہ چار ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے، جن میں تین امرت بھارت ایکسپریس سروسز اور ایک Thrissur-Guruvayur پیسنجر ٹرین شامل ہے۔ اِس سے علاقائی کنکٹی ویٹی بہتر ہوگی۔ جناب مودی پی ایم سوانِدھی کریڈٹ کارڈ کا آغاز کریں گے اور ایک لاکھ مستفیدین کو قرضے تقسیم کریں گے۔ وہ سری چترا تیرونال انسٹی ٹیوٹ میں CSIR-NIIST اختراعی ہب اور ریڈیو سرجری سینٹر کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ وہ Poojappura ہیڈ پوسٹ آفس کا افتتاح کریں گے۔x

## Amitshah Uttarakhand

داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت کی تعمیر نو، نہ صرف ملک، بلکہ پوری دنیا کے فلاح وبہبود کیلئے بھی ضروری ہے۔ اتراکھنڈ کے ہری دوار میں آل ورلڈ گایتری پریوار کی صد سالہ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ سوامی وویکانند، مہارشی Aurobindo اور پنڈت شری رام شرما جیسے عظیم مفکر اور رہنماؤں نے اس یقین کا اظہار کیا تھا کہ جب بھارت اپنی مکمل روحانی اور فکری طاقت کے ساتھ بیدار ہوگا تو پوری دنیا اور کائنات کو منور کردے گا۔

**S/B: New Amitshah**

## Pargati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2015میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے PRAGATI پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی سے متعلق وفاقیت کی مثال پیش کرتا ہے اور مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک واحد ڈیجیٹل رابطہ فراہم کرتا ہے۔ آج ہم اس خصوصی سیریز کے تحت احمد آباد میٹرو ریل پروجیکٹ کا جائزہ پیش کررہے ہیں۔

**VC: Suparna**

احمد آباد میٹرو ریل پروجیکٹ فیز-1 گجرات کے سب سے بڑے میٹرو پولیٹن خطے کیلئے پائیدار شہری نقل وحمل

کے شعبے میں کایہ پلٹ کرنے والا قدم ہے۔ مکانات اور شہری امور کی وزارت کے تحت نفاذ شدہ 12ہزار 924 اعشاریہ پانچ کروڑ روپے کی لاگت والا یہ پروجیکٹ 40اعشاریہ صفر–تین کلو میٹر کا احاطہ کرتا ہے۔ 25اپریل 2018 کو اس پروجیکٹ کا پرگتی اسکیم کے تحت جائزہ لیا گیا۔ اس وقت اس پروجیکٹ میں محض 25فیصد پیش رفت ہوئی تھی۔ وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے واضح ہدایات اور مسلسل نگرانی کے سبب بین ایجنسی تال میل مستحکم ہوا، جس کے نتیجے میں آراضی تحویل میں لینے سے لے کر بازآباد کاری اور دوبارہ بسانے تک ہر کام میں رفتار پیدا ہوئی۔ 23دسمبر 2020 کو ہوئے پرگتی جائزے تک پروجیکٹ میں 62فیصد تک پیش رفت ہوئی، جبکہ اکتوبر 2022میں اس پروجیکٹ نے کام کرنا شروع کردیا۔ آج پورا احمدآباد میٹرو فیز-1 نیٹ ورک پوری طرح کام کررہا ہے اور پورے شہر کو محفوظ اور بہتر موبیلٹی فراہم کررہا ہے۔

دلی سے سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں توحید حقانی

## Jharkhand Maoists Encounter

جھارکھنڈ میں آج CPI (ماؤنواز) شورش پسندوں کے ساتھ جھڑپ میں مغربی Singhbhum ضلع کے Saranda جنگل میں نکسل مخالف کارروائی میں 15ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ جو لوگ ہلاک ہوئے ہیں، اُن میں خطرناک سرغنہ پتی رام مانجھی عرف Anal شامل تھا، جس پر ایک کروڑ روپئے کا انعام تھا۔ ہلاک ہونے والوں میں راجیش مُنڈا اور بلبل بھی شامل ہیں، جن پر دو–دو لاکھ روپئے کا انعام تھا۔ Chaibasa کے پولیس سپرنٹنڈنٹ امت رینو نے بتایا کہ یہ جھڑپ Jarakela پولیس اسٹیشن علاقے میں ہوئی۔ جھڑپ کے مقام سے ہتھیار اور دیگر مواد برآمد کیا گیا۔ جنگلاتی علاقے میں تلاشی کی کارروائی اب بھی جاری ہے۔x

## Doda Accident

آج جموں وکشمیر کے ڈوڈا ضلع میں ایک سڑک حادثے میں 10سپاہی جاں بحق جبکہ دیگر 11زخمی ہوگئے۔ ایک فوجی ٹرک، بھدروا–چمبا بین ریاستی شاہراہ پر 9ہزار فٹ بلند Khanni Top پر سڑک سے پھسل کر ایک گہری کھائی میں جا گرا۔ فوج اور پولیس کی ایک مشترکہ بچاؤ کارروائی فوری طور پر شروع کی گئی۔ چار سپاہیوں کی جائے حادثہ پر موت ہوگئی جبکہ بعد میں 6سپاہی زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسے۔ زخمی ہونے والے سپاہیوں میں سے ایک بھدروا کے سب ڈسٹرکٹ اسپتال میں زیر علاج ہے جبکہ 10سپاہیوں کو خصوصی علاج کیلئے فضائی راستے سے اُدھم پور کمان اسپتال پہنچایا گیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ، لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اِس حادثے پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔x

## CDS Policy Framework

دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے آج ملٹری کوانٹم مشن پالیسی فریم ورک جاری کیا۔ اس میں کوانٹم ٹیکنالوجیوں کو مسلح افواج کے ساتھ مربوط کرنے کی غرض سے بھارت کا روڈ میپ اجاگر کیا گیا ہے۔ وزارتِ

دفاع نے ایک بیان میں کہا کہ اِس فریم ورک کا مقصد چار کلیدی ستونوں کو مستحکم کرنا ہے، جن میں فوج کی تینوں خدمات میں کوانٹم مواصلات، کوانٹم کمپیوٹنگ، کوانٹم سینسنگ اور میٹرولوجی اور کوانٹم میٹریلس اور ڈیوائسز شامل ہیں تاکہ اُنھیں مستقبل کے میدانِ جنگ کیلئے تیار کیا جاسکے نیز تکنیکی بالاتری حاصل کی جاسکے۔ اس نے مزید کہا کہ نیشنل کوانٹم مشن کے مطابق یہ دستاویز اشتراک، شہری فوجی تعاون اور حکمرانی کے مخصوص طریقہ کار کے ذریعے مربوط نفاذ پر زور دیتا ہے۔ یہ دفاعی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے میں ایڈوانسڈ کوانٹم ٹیکنالوجیوں کے اہم رول پر بھی زور دیتا ہے۔x

## IAF Press Brife

ڈائریکٹوریٹ آف Ceremonies کے ایئر کموڈور عمران زیدی نے آج بتایا کہ بھارتی فضائیہ اِس سال کی یومِ جمہوریہ پریڈ میں دفاعی فورسز کی قیادت کرے گی۔ نئی دلّی میں اخبار نویسوں کو تفصیلات بتاتے ہوئے، ایئر کموڈور زیدی نے بتایا کہ اِس سال کی یومِ جمہوریہ پریڈ میں بھارتی فضائیہ کی خراجِ عقیدت پیش کرنے کی تقریب کی قیادت اسکوارڈن لیڈر ہیمنت سنگھ Kanyar کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ مارچ کرنے والے دستے میں 144 ایئر واریئر کے ساتھ چار افسران شامل ہوں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ 75رکنی فضائیہ کی بینڈ پرفارمنس بھی پیش کی جائے گی، جس میں 66اگنی ویر شامل ہوں گے، اِن میں 9خواتین اگنی ویر بھی شامل ہیں، جو پہلی مرتبہ پرمارمنس پیش کریں گی۔سابق فوجیوں کی جھانکی کے بارے میں بات کرتے ہوئے گروپ کیپٹن دھرمیندر سنگھ نے بتایا کہ ایک دوسطحی جھانکی اِس سال پیش کی جائے گی جس کا موضوع ہے ''بھارتی دفاعی افواج کا سنگرام سے راشٹریہ نرمان تک کا سفر''۔ انھوں نے کہا کہ یہ جھانکی ملک کی تعمیر اور تحفظ میں فورسز کی بے لوث خدمت کی نمائش کرے گی۔x

## Notification Greenhouse

حکومت نے کاربن کریڈٹ اسکیم CCTS کے تحت زیادہ کاربن کے اضافی اخراج میں شامل شعبوں کیلئے ایک ہدف طے کرنے کیلئے گرین ہاؤس گیس کے اخراج کی شدّت GEI سے متعلق ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ موحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت نے کہا ہے کہ مزید 208 شعبوں کو اب کاربن کے اخراج کو کم کرنے کے ہدف کو پورا کرنا ہوگا۔ وزارت نے مزید کہا کہ اس توسیع کے بعد بھارت کے کاربن بازار میں 490 ایسے شعبے ہیں، جو کاربن کے اخراج میں شدّت رکھتے ہیں۔×

## Jaishankar ED Ambassadors

آج وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ بھارت–یوروپی یونین تجارت، موبیلٹی اور سلامتی کے شعبے میں مضبوط شراکت داری کے ذریعے پائیدار سپلائی Chains اور عالمی نظام کو مستحکم کریں گے اور مضبوط باہمی تعاون پر مشتمل بھارت–یوروپی یونین تعلقات عالمی معیشت کو درپیش خطرات کو دور کرنے میں اہم رول ادا کریں گے۔ نئی دِلی میں یوروپی یونین کے سفیروں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر موجودہ دور میں دنیا

میں ہورہے اُتار چڑھاؤ اور عدم استحکام کو نیا معمول قرار دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان مزید مضبوط تعلقات کے معاملے پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت پر زور دیا، جو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مدد دینے اور قومی آفات سے راحت رسانی HADR،Piracy کی روک تھام سے متعلق کارروائیاں اور ترقیاتی پروجیکٹوں جیسے عوامی مفاد کی خدمات فراہم کرکے بین الاقوامی برادری کو امن و اطمینان فراہم کریں گی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ وہ یوروپی کونسل کے صدر انٹونیو کوسٹا اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyan کی یوم جمہوریہ تقریبات میں شرکت کیلئے آمد کے منتظر ہیں۔×

## Trump Board of Peace

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آج داووس میں عالمی اقتصادی فورم میں بورڈ آف Peace پینل کا باقاعدہ آغاز کئے جانے سے متعلق منشور پر دستخط کئے اور اسے عالمی تنازعات کے حل کے تئیں ایک اہم قدم قرار دیا۔ جناب ٹرمپ نے اسے ایک ولولہ انگیز دن قرار دیا اور کہا کہ اب دنیا میں امن قائم ہوگا۔ اپنے افتتاحی بیانات میں امریکی صدر نے کہا کہ ایک سال پہلے دنیا درحقیقت انتہائی کشیدگی سے دوچار تھی، لیکن اب کئی اچھی باتیں ہورہی ہیں اور دنیا بھر میں خطرات واقعی کم ہورہے ہیں۔ تقریباً 35 ملکوں نے شامل ہونے کا وعدہ کیا تھا، جبکہ 60 ملکوں کو دعوت دی گئی تھی۔ جناب ٹرمپ نے یہ تجویز بھی پیش کی کہ نیا ادارہ وہی رول ادا کرسکتا ہے جو اقوام متحدہ ادا کرتا رہا ہے۔ مبینہ طور پر موجودہ بین الاقوامی نظام پر اس کے ممکنہ اثرات پڑنے کے خدشات کے تناظر میں متعدد یوروپی اتحادی ممالک نے اس میں شامل ہونے سے انکار کردیا ہے۔ انگلینڈ نے یونین کو دعوت نامہ دیئے جانے سے متعلق تشویش کا حوالہ دیتے ہوئے اس سمجھوتے پر دستخط کرنے سے انکار کردیا۔ مستقل رکنیت کیلئے ممالک کو ایک ارب امریکی ڈالر کی رقم ادا کرنی ہوگی۔ عدم ادائیگی کی صورت میں ملکوں کو تین سال کی رکنیت دی جائے گی۔ چارٹر میں جناب ٹرمپ کو مستقل چیئرمین نامزد کیا گیا ہے، خواہ وہ صدر رہیں یا نہیں۔×

## Shivraj VB G Ram G

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے زور دے کر کہا ہے کہ VB G Ram G کو MG نریگا میں موجود خامیوں کو دور کرنے کیلئے متعارف کرایا گیا ہے۔ بنگلورو میں آج صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیرموصوف نے کہا کہ نئی اسکیم پہلے 100 دن کے بجائے 125 دن روزگار کی ضمانت دیتی ہے۔ وزیرموصوف نے مزید کہا کہ UPA حکومت نے روزگار گارنٹی پروگرام کے تحت دس برسوں میں آٹھ ہزار 739 اعشاریہ تین–دو کروڑ روپے کرناٹک کو جاری کئے، جبکہ NDA حکومت نے 8 لاکھ 48 ہزار کروڑ روپے جاری کئے۔×

## Oscar Nomination 2026

آسکر اکیڈمی نے 98ویں آسکر کیلئے نامزدگیوں کا اعلان کردیا ہے۔ Ryan Coogler کی ویمپائر رزمیہ ''Sinners'' کو آسکر کی تاریخ میں سب سے زیادہ 16 نامزدگیاں ملی ہیں جو اس سے پہلے All About Eve،

ٹائٹینک اور **La La Land** کے پاس **13** نامزدگیوں کے ساتھ تھا۔ **One Battler after Another** کو **13** نامزدگیاں جبکہ **Marty Supreme**،**Frankenstein** اور **Sentimental Value** کو **9**اور **Hamnet** کو آٹھ نامزدگیاں ملی ہیں۔ **Emma Stone** کو ان کی فلم **Bugania** کیلئے بہترین اداکارہ کیلئے نامزد کیا گیا ہے جو بہترین **10** فلموں کی نامزدگی میں شامل ہے۔ بہترین اداکار کے طور پر **One Battle after Another** کیلئے **Leonardo DiCaprio**،**Blue Moon** کیلئے **Ethan Hawke** اور **Sinners** کیلئے مائیکل دی جورڈن کو نامزدگی ملی ہے۔ پانچ فلمیں جس میں **One Battle after Another** اور **Sinners** شامل ہے، بہترین ڈائریکٹر کے ایورڈ کیلئے دوڑ میں شامل ہے۔ ایوارڈ کی تقریب **15** مارچ کو لاس اینجلس میں منعقد ہوگی۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆